تنظیمِ اسلامی مرکزی شعبہ نشرواشاعت
K/36 ماڈل ٹاؤن لاہور-فون 3-042-35869501 -042-35856304 فیکس 042-35834000
E-mail: media@tanzeem.org, Website:www.tanzeem.org

تنظیم اسلامی

# پریس ریلیز

17 جنوری 2020ء

## ریاست مدینہ بنانے کے دعویداروں کو اللہ کا ایک حکم برداشت نہ ہوا

### حافظ عاکف سعید

لاہور (پ ر) تنظیم اسلامی کے امیر حافظ عاکف سعید نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ پاکستان کو ریاست مدینہ بنانے کے دعویداروں نے راولپنڈی کے ایک نمایاں مقام پر آویزاں ایک ایسے بل بورڈ کو برداشت نہ کرتے ہوئے اکھاڑ دیا جس میں قرآن کی ایک آیت کی صورت میں اللہ کا ایک واضح حکم درج تھا۔ اس اشتہار کے درپردہ نہ کسی کے سیاسی عزائم تھے اور نہ ہی مذہبی فرقہ واریت کا اس میں کوئی شائبہ تھا' بلکہ قرآن پاک کی اس آیت کہ: (ترجمہ) ''یادرکھو جولوگ چاہتے ہیں کہ ایمان والوں میں بے حیائی پھیلے ان کے لیے دنیا اور آخرت میں دردناک عذاب ہے۔'' کی روشنی میں مسلمانوں کو بے پردگی اور بے حیائی سے بچنے کی دعوت دیتے ہوئے ایک اہم معاشرتی پہلو کی طرف توجہ دلائی گئی تھی کہ ہمیں اشتہارات میں خواتین کی تصاویر استعمال نہیں کرنی چاہئیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ ایسے اقدامات ہائبرڈ وارفیئر کا حصہ ہیں جن کا مقصد اسلامی معاشرے کو تباہی سے دوچار کرنا ہے۔ ہم ایسے اقدام کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ کیونکہ اگر آج پاکستان اور بھارت کی شاہراہیں ایک جیسی نظر آئیں گی تو مسلمانان برصغیر نے پاکستان کو حاصل کرنے کے لیے جو جان، مال اور عزت کی قربانی دی تھی وہ رائیگاں ہو جائے گی۔ یہ درحقیقت نظریہ پاکستان کی نفی ہے۔ امیر تنظیم اسلامی نے آزاد کشمیر میں برفباری اور برفانی تودوں کے گرنے سے ہونے والے جانی و مالی نقصان پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ صرف آزاد کشمیر کی حکومت ہی نہیں بلکہ حکومت پاکستان کا بھی فرض ہے کہ متاثرین کی بھرپور مدد کی جائے، زخمیوں کی نگہداشت کی جائے اور جن لوگوں کے گھر یا دوکانیں تباہ ہوئی ہیں ان کی مالی امداد کرنے میں کوئی کوتاہی نہ برتی جائے۔ یہ عوام کا حق اور حکومت کا فرض ہے۔

جاری کردہ

(ایوب بیگ مرزا)
ناظم نشرواشاعت تنظیم اسلامی
0321-4893436

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE:** 17 Jan 2020

## “The champions of establishing a replica of *Riyasat-e-Madinah* could not tolerate merely one decree of Allah *(SWT)*.”

**(Hafiz Aakif Saeed)**

**Lahore (PR): “The champions of establishing a replica of *Riyasat-e-Madinah* could not tolerate merely one decree of Allah *(SWT)*.”**

The Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Hafiz Aakif Saeed**, lamented that those who are the advocates of establishing a replica of *Riyasat-e-Madinah* in Pakistan have demonstrated appalling intolerance (towards the commandments of Islam) by uprooting a billboard erected in a conspicuous area of Rawalpindi that displayed a manifest edict of Allah *(SWT)* in the form of a verse from the Holy Qur’an. Neither was there any political agenda involved, nor even the slightest trace of sectarianism in the advertisement; instead the billboard diverted the attention of Muslims to avoid immodesty and indecency – an important social issue that needs to be addressed – by shunning the use of images of women as a tool in advertisements, in light of the following verse of the Holy Qur’an,

> “Indeed, those who like that immorality should be spread [or publicized] among those who have believed will have a painful punishment in this world and the Hereafter. And Allah knows and you do not know.”*(Translation)*

The Ameer asserted that we believe that such reprehensible actions are part of the hybrid warfare being imposed on Pakistan in order to wreck the religious norms of our Islamic society. We vehemently condemn such disgraceful actions, he added, because if the streets and highways of Pakistan and India start to look similar today, then the momentous sacrifice of life, property and dignity given by the Muslims of the subcontinent to achieve Pakistan would become meaningless. In fact, the Ameer remarked, such repulsive measures amount to the desecration of the Ideology of Pakistan.

While expressing grief on the loss of life and property in Azad Kashmir due to the massive snowstorm and the resulting avalanche, the Ameer said that it was not just the responsibility of the government of Azad Kashmir, but that of the Federal government too to swiftly manage the emergency rescue operations in order to provide relief to those affected and provide adequate medical care to the injured. He said that there ought to be no negligence in providing monetary assistance to those whose houses and shops have been destroyed in the incident. The Ameer concluded by stating that this is the entitlement of the public and the obligation of the government.

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**MarkaziNazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**